بڑا شلجم

مصنف: ویرا

اُردو ترجمہ: محمد زبیر

بڑا شلجم

مصنف: ویرا

اُردو ترجمہ: محمد زبیر

بہار کے موسم میں
ایک بوڑھے آدمی نے
اپنے باغیچے میں
شلجم کے کچھ بیج بوئے۔

کچھ عرصے کے بعد

بیجوں پر بارش گری،

ان پر سورج کی کرنیں چمکیں۔

پھر مٹی میں سوتے بیجوں نے

زمین کے اوپر اپنا سر اٹھایا۔

شلجم کے بیجوں نے

اگنا شروع کیا۔

ہر روز شلجم

کچھ بڑے ہونے لگے۔

پر ان میں سے ایک شلجم

دوسروں کے مقابلے

بہت تیزی سے بڑھا۔

وہ شلجم بڑا ہوا،

پھر بہت بڑا ہوا۔

آخر میں وہ شلجم

بے حد بڑا ہو گیا۔

اتنا بڑا شلجم کسی نے

پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا !

ایک دن بوڑھے آدمی کو

شلجم کھانے کی خواہش ہوئی۔

پھر وہ جیکٹ

اور جوتے پہن کر

باغیچے میں گیا۔

اس نے اس بڑے شلجم
کے پتوں کو سنبھال کر
اپنے ہاتھوں میں پکڑا
اور انہیں کھینچا۔
اس نے پورا زور لگایا،
لیکن پھر بھی وہ شلجم کو
کھینچ نہ پایا۔

پھر بوڑھے آدمی نے
شلجم کھینچنے میں مدد کے لیے
اپنی بیوی کو بلایا۔
بوڑھی عورت نے
اپنے خاوند کی کمر کو
اپنے ہاتھوں سے پکڑا۔

پھر بوڑھے آدمی نے کھینچا

اور بوڑھی عورت نے کھینچا۔

انہوں نے پورا زور لگا کر کھینچا۔

انہوں نے پورے زور سے کھینچا۔

پھر بھی وہ شلجم کو

کھینچ نہ پائے۔

پھر بوڑھی عورت نے
شلجم کھینچنے میں مدد کے لیے
ایک چھوٹے لڑکے کو بلایا۔
چھوٹے لڑکے نے
بوڑھی عورت کی کمر کو پکڑا۔

پھر بوڑھے آدمی نے کھینچا
اور بوڑھی عورت نے کھینچا
اور چھوٹے لڑکے نے کھینچا۔
انہوں نے پورا زور لگا کر کھینچا۔
انہوں نے پورے زور سے کھینچا۔
پھر بھی وہ شلجم کو
کھینچ نہ پائے۔

پھر چھوٹے لڑکے نے
شلجم کھینچنے میں مدد کے لیے
ایک چھوٹی لڑکی کو بلایا۔
چھوٹی لڑکی نے
چھوٹے لڑکے کی کمر پکڑی۔

پھر بوڑھے آدمی نے کھینچا
اور بوڑھی عورت نے کھینچا
اور چھوٹے لڑکے نے کھینچا
اور چھوٹی لڑکی نے کھینچا۔
انہوں نے اپنا پورا زور لگا کر
پورے زور سے کھینچا۔
پھر بھی وہ شلجم کو
کھینچ نہ پائے۔

پھر چھوٹی لڑکی نے

شلجم کھینچنے میں مدد کے لیے

ایک بڑے کتے کو بلایا۔

بڑے کتے نے

چھوٹی لڑکی کا فراک پکڑا۔

پھر بوڑھے آدمی نے کھینچا

اور بوڑھی عورت نے کھینچا

اور چھوٹے لڑکے نے کھینچا

اور چھوٹی لڑکی نے کھینچا

اور بڑے کتے نے کھینچا۔

انہوں نے اپنا پورا زور لگا کر

پورے زور سے کھینچا۔

پھر بھی وہ شلجم کو

کھینچ نہ پائے۔

پھر بڑے کتے نے

شلجم کھینچنے میں مدد کے لیے کالی بلی کو بلایا۔

کالی بلی نے

بڑے کتے کی پونچھ پکڑی۔

پھر بوڑھے آدمی نے کھینچا
اور بوڑھی عورت نے کھینچا
اور چھوٹے لڑکے نے کھینچا
اور چھوٹی لڑکی نے کھینچا
اور بڑے کتے نے کھینچا
اور کالی بلی نے کھینچا۔
انہوں نے پورا زور لگا کر
پورے زور سے کھینچا۔
پھر بھی وہ شلجم کو
کھینچ نہ پائے۔

پھر کالی بلی نے
شلجم کھینچنے میں مدد کے لیے ننھے چوہے کو بلایا۔
ننھے چوہے نے کالی بلی
کی پونچھ پکڑی۔

پھر بوڑھے آدمی نے کھینچا

اور بوڑھی عورت نے کھینچا

اور چھوٹے لڑکے نے کھینچا

اور چھوٹی لڑکی نے کھینچا

اور بڑے کتے نے کھینچا

اور کالی بلی نے کھینچا

اور ننھے چوہے نے کھینچا۔

انہوں نے پورا زور لگا کر کھینچا۔

انہوں نے پورے زور سے کھینچا۔

ہاں، اس بار وہ

اس بڑے شلجم کو

کھینچ پانے میں کامیاب ہوئے!

شلجم اتنے جھٹکے

کے ساتھ زمین سے باہر نکلا

کہ وہ سب لوگ زمین پر

دھم سے گرے!

بڑا شلجم بوڑھے آدمی پر گرا۔

بوڑھا آدمی، بوڑھی عورت پر گرا۔

بوڑھی عورت، چھوٹے لڑکے پر گری۔

چھوٹا لڑکا، چھوٹی لڑکی پر گرا۔

چھوٹی لڑکی، بڑے کتے پر گری۔

بڑا کتا، کالی بلی پر گرا۔

کالی بلی، ننھے چوہے پر گری۔

کچھ دیر بعد

سب کے سب

کود کر کھڑے ہوئے۔

انہوں نے خود کو جھاڑا

اور پھر ہنسنے لگے۔

وہ بہت دیر تک ہنستے رہے۔

پھر وہ

اس بڑے شلجم کو اٹھا کر

بوڑھی عورت کے کچن میں لے گئے۔

بوڑھی عورت نے

اس شلجم کو کاٹ کر پکایا۔

پھر اس بوڑھے آدمی نے

اور بوڑھی عورت نے

اور چھوٹے لڑکے نے

اور چھوٹی لڑکی نے

اور بڑے کتے نے

اور کالی بلی نے

اور ننھے چوہے نے

شلجم کو بڑے شوق سے کھایا۔

سب نے شلجم کو بھر پیٹ

کر کھایا۔

پھر بھی وہ بڑے شلجم

کو پورا نہیں کھا پاے۔

اگلے دن کے لیے

اور اسکے اگلے دن کے

کھانے کے لیے بھی

شلجم بچ گیا۔

اس طرح

وہ بڑا شلجم ختم ہوا۔